اگر بچوں میں یہ احساس پیدا ہو گیا کہ ہمارا باپ یا ہمارا دادا یا ہمارا نانا دین کے بڑے خدمت گاروں میں شمار ہوتا ہے لیکن گھر کے اندر وہ اعلیٰ اخلاق جو ایک دیندار کے اندر ہونے چاہئیں ان کا اظہار نہیں کرتا،اللہ تعالیٰ کی عبادت کے جو نظارے ان بزرگوں میں نظر آنے چاہئیں وہ نظر نہیں آتے، تلاوتِ قرآن کریم کی طرف توجہ جس طرح ہونی چاہیے وہ توجہ نہیں ہوتی۔ پھر بچے یہ بھی سوچتے ہیں کہ ہماری ماں کے ساتھ جو حسنِ سلوک اس گھر میں ہونا چاہیے وہ نہیں ہوتا تو باہر جا کر جس دین کی خدمت کا ایسا شخص نعرہ لگاتا ہے بچے کے ذہن میں یہی رہے گا کہ وہ سب ڈھکوسلا ہے۔ تو پھر جیسا کہ میں نے کہا ایسے بچے دین سے بھی دُور ہو جاتے ہیں۔ اور معاشرے میں اس ماحول میں شیطان تو پہلے ہی اس تاک میں بیٹھا ہوا ہے کہ کب کوئی ایسی ذہنی کیفیت والا نظر آئے اور کب میں اس کو اپنے جال میں پھنساؤں۔ پھر ایسے بگڑتے ہوئے بچے جب شیطان اپنے جالوں میں ان کو پھنسا لیتا ہے تو بعض اوقات خدا کی ذات کے بھی انکاری ہو جاتے ہیں، ان کو اللہ تعالیٰ کی ذات پہ بھی یقین نہیں ہوتا کیونکہ انہوں نے خدا کے نام پر اپنے باپوں کو اپنے بزرگوں کو دوہرے معیار قائم کرتے دیکھا ہوتا ہے ،دو عملی کرتے ہوئے دیکھا ہوتا ہے۔ جب ان کے بچوں کے ذہن میں شیطان یہ بات ڈال دے کہ اگر خدا ہوتا تو تمہارا باپ جو یہ دو عملیاں کر رہا ہے اس کو پکڑ نہ لیتا۔ تو دیکھیں اس کے بڑے بھیانک نتائج سامنے آ سکتے ہیں اگر انسان سوچے تو خوفزدہ ہو جاتا ہے۔ اس لیے ہر احمدی کو اور خاص طور پر انصاراللہ کو جو عمر کے اس حصے میں ہیں جہاں اب صحت مزید کمزور ہونی ہے، قویٰ جو ہیں مزید کمزور ہونے ہیں اور کچھ ایسی عمر کے بھی ہیں، پتہ تو نہ جوان کا ہے نہ بچے کا، لیکن کسی وقت بھی خدا کی طرف سے بلاوا آسکتا ہے۔ تو اگر ہم نے اب بھی اپنے رویّوں کو بدلنے کی کوشش نہ کی، اگر اب بھی ہم نے اپنے گھر کے رَاعِیْ بننے کا حق ادا نہ کیا ،اگر اب بھی ہم نے ان کی نگرانی اور حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کی تو مرنے کے بعد خداتعالیٰ کو کیا منہ دکھائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے حضور جب حاضر ہوں گے تو خداتعالیٰ پوچھے گا نہیں کہ تم نے دعویٰ تو یہ کیا تھا کہ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہِ، ہم اللہ کے انصار ہیں۔ کیا اللہ کے انصار ایسے ہوتے ہیں۔ تم اللہ تعالیٰ کے کاموں میں مددگار بننے کی بجائے اپنی اولادوں کو بھی اللہ تعالیٰ سے دور ہٹانے والے بن رہے ہو۔ جب تمہارے اپنے گھروں میں تربیت کی طرف پوری توجہ نہیں بلکہ تمہارے نمونہ کی وجہ سے تمہاری اولادوں میں نمازوں کی عادت نہیں پڑی، تمہاری اولادوں میں قرآن کریم پڑھنے کی عادت نہیں پڑی، تمہاری اولادوں میں دین کی غیرت نہیں ابھری،ایسی غیرت کہ وہ نوجوانی میں بھی اپنی ذاتی اناؤں اور ذاتی خواہشات کو قربان کرنے والے ہوں۔ اگر تمہاری بیوی ، تمہاری بہو ،تمہارے حسن سلوک اور عبادت گزاری کی گواہی نہیں دیتیں تو صرف مختلف مواقع پر یہ اعلان کر دینا کہ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہِ۔اس کا تو کوئی فائدہ نہیں ہے۔

نحن انصار اللّٰہ کے معانی پر غور اور عبادتوں کو زندہ کریں

ہر ایک کو ہم میں سے اپنا جائزہ لینا چاہیے کہ کیا نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہِ کا نعرہ لگانے سے پہلے غور بھی کیا ہے کہ یہ کتنا گہرا اور وسیع نعرہ ہے۔ کیا کیا قربانیاں دینی پڑیں گی اس کے لیے اور قربانیاں ہیں کیا، جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا کوئی جنگ ،توپ،گولہ نہیں ہے، کسی گولے کے آگے کھڑا ہونا نہیں ہے، کسی توپ کے منہ کے سامنے کھڑے ہونا نہیں ہے ،تیروں کی بوچھاڑ کے آگے کھڑے ہونا نہیں ہے۔ صحابہ کرام ،جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ تھے ان کی طرح گردنیں کٹوانا نہیں ہے۔ ہاں یہ قربانیاں بھی اللہ تعالیٰ کبھی کبھار

کریں کہ نسلًا بعد نسلٍ اسلام کی روح زندہ رہے۔"
(الفضل 15 دسمبر 1955ء)

انصار کی تین اہم ذمہ داریاں

مجلس انصار اللہ جرمنی کے سالانہ اجتماع 2007ء کے موقع پر اپنے پیغام میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے انصار اللہ کو ان کی تین اہم ذمہ داریوں 1۔ قیام نماز 2۔ قرآن کریم سیکھنے اور سکھانے 3۔تربیت اولاد کی طرف متوجہ کرتے ہوئے فرمایا:

"انصاراللہ کی سب سے اہم ذمہ داری پنجوقتہ نمازوں کا قیام ہے۔قرآن کریم نے مومنوں کی سب سے پہلی یہی علامت بیان فرمائی ہے کہ یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوۃَ یعنی وہ نمازوں کو قائم کرتے ہیں۔اس کو ضائع نہیں ہونے دیتے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی نماز کی ادائیگی کی بہت تاکید فرمائی ہے اور فرمایا ہے کہ مومن اور کافر میں فرق کرنے والے شئے نماز ہے۔ایک حدیث میں اس طرح بھی آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک نئی جماعت آئی انہوں نے نماز کی معافی کی درخواست کی۔آپ نے فرمایاکہ جس مذہب میں عمل نہیں وہ مذہب کچھ نہیں..... حضرت مسیح موعودؑ نے نماز کی ادائیگی کی بہت تاکید فرمائی ہے اور میں آپ کو فَذَکِّرۡ فَاِنَّ الذِّکۡرٰی تَنۡفَعُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ (الذاریات:56)کے تحت یاددہانی کرواتا ہوں کہ انصاراللہ نے نمازوں کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی ہیں۔خود بھی پنجوقتہ نمازوں پر قائم ہوں اور اپنی بیویوں اور اولادوں کو بھی اس کا عادی بنائیں۔پانچوں نمازیں وقت پرادا کریں اور انہیں ہر گز ضائع نہ کریں۔نمازیں بار بارپڑھیں اور اس خیال سے پڑھیں کہ آپ ایسی طاقت والے کے سامنے کھڑے ہیں کہ اگر اس کا ارادہ ہو تو ابھی قبول کرلیوے۔یہ آپ کی نسلوں کی روحانی پاکیزگی کی ضمانت ہے۔دنیاکے گند اور آلائشوں سے بچانے کا ذریعہ ہے۔یہ سیّئَات کو دور کرتی ہے۔

دوسری اہم ذمہ داری انصار اللہ کی یہ ہے کہ وہ خود بھی قرآن کریم سیکھیں اور اپنی اولادوں کو بھی سکھائیں۔اور پھر ہر گھر میں تلاوت قرآن کا اہتمام اورالتزام ہو۔اگر آپ خود روزانہ اس کی تلاوت کریں گے تو آپ کے بچے اس سے نیک اثر لیتے ہوئے تلاوت کے عادی بن جائیں گے۔میں نے واقفین نو بچوں کو یہ ہدایت کی ہوئی ہے کہ وہ روزانہ کم ازکم دو رکوع کی تلاوت کیاکریں۔آپ نے ان واقفین نو کی تربیت کرنی ہے تو آپ کو اپنا عملی نمونہ ان کے سامنے پیش کرنا ہوگا۔روزانہ کچھ رکوع تلاوت ضرور کیا کریں کوئی وقت اس کے لیے مقرر کریں سب سے اچھا وقت تو فجر کی نماز کے بعد ہے۔اس لیے کوشش کریں کہ فجر کے بعد اس کا التزام ہو۔

"تیسری ذمہ داری جس کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ بچوں کی تربیت ہے۔یہ بھی انصار اللہ کا کام ہے کہ وہ احمدی بچوں کی تربیت کی فکر کریں۔جیسا کہ میں نے نماز اور تلاوت قرآن کریم کا ذکر کیا ہے۔اگران دو امور پر احمدی بچے قائم ہوجائیں تو ان کی احسن تربیت ہوگی ۔وہ یورپ کے گند اور دنیاوی آلائشوں سے پاک ہوجائیں گے۔تربیت کے مضمون میں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ ماں باپ جتنی مرضی زبانی تربیت کریں اگر ان کا اپنا نمونہ اور کردار ان کے قول کے مطابق نہیں تو بچوں کی تربیت نہیں ہوسکتی۔بچے کمزور پہلو کو لے لیں گے اور مضبوط پہلو کو چھوڑ دیں گے۔اس لیے آپ کو اپنا عملی نمونہ پیش کرنا ہوگا۔نمازوں پر قائم ہونا پڑے گا۔تلاوت قرآن کریم کا روزانہ اہتمام کرنا ہوگا۔گھروں میں پاکیزہ ماحول اور پاکیزہ باتیں رواج دینی ہوں گی۔گھروں میں نظام جماعت کے خلاف باتیں نہ ہوں جن سے بچوں کی تربیت پر بُرا اثر پڑے۔میں نے خود دیکھا ہے کہ وہ گھر جن میں نظام جماعت کے خلاف باتیں ہوتیں ہیں ان کے بچے جماعت سے دور ہوجاتے ہیں یہاں تک کہ دہریہ ہوجاتے ہیں۔پس اگر آپ نے اپنے بچوں کو احمدیت، حقیقی اسلام پر قائم رکھنا ہے تو ان کے دلوں میں خلافت احمدیہ اور نظام جماعت کی محبت اور احترام پیدا کریں اور یہ تبھی ہوگا جب یہ محبت اور احترام آپ کے دلوں اور آپ کے عملی نمونہ سے پھوٹ رہا ہوگا۔"

(ماہنامہ الناصر جرمنی اگست ۔ستمبر 2007ء)

انصار اللہ سے خلیفۃ المسیح کی توقعات

ماہنامہ انصار اللہ ربوہ کی اشاعت کے 50 سال پورے ہونے پر حضور انورایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغام میں انصار بھائیوں کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف متوجہ کرتے ہوئے فرمایا:

"جماعت کی ذیلی تنظیموں کے نظام میں انصاراللہ کی تنظیم ایسی ہے جس کے ممبران اپنی اس عمر کو پہنچ جاتے ہیں جس میں انسان کو اپنی زندگی کے انجام کے آثار نظر آنا شروع ہو جاتے ہیں اور بڑی تیزی سے اس انجام کی طرف قدم بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ اور اس انجام کا خوف اسے مجبور کرتا ہے کہ وہ خالص ہو کر خدا تعالیٰ کے حضور جھکے اور اس کا قرب چاہے۔ اس کا ایک ذریعہ نماز ہے جسے تمام عبادتوں میں ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ گزشتہ دنوں ہم رمضان کے مہینے سے گزرے ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ ان دنوں میں کمزوروں میں بھی ایک خاص تبدیلی پیدا ہوئی ہو گی اور نمازوں کی طرف ہر کسی نے توجہ دی ہو گی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو عبادت کا مغز قرار دیا ہے۔ اس میں سب دُعائیں آ جاتی ہیں۔ اگر کلمہ طیّبہ مسلمان ہونے کا زبانی اقرار ہے تو نماز اس کی عملی تصویر ہے۔ پس میری پہلی نصیحت تو یہ ہے کہ نمازوں میں باقاعدگی اختیار کریں اور اپنی آئندہ نسلوں کے لیے نیک نمونہ قائم کریں۔

دوسری بات قرآن کریم کی تلاوت، احادیث اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کا مطالعہ ہے۔ ہر مرتبہ پڑھنے سے نئے نئے معنی کھلتے ہیں۔ یہ مطالعہ جہاں آپ کو معرفت میں بڑھائے گا وہاں اس سے آپ کے بچوں کے لیے بھی ایک نیک نمونہ قائم ہو گا اور آپ کا یہ علم دعوت الی اللہ کے میدان میں بھی آپ کا مددگار ثابت ہو گا۔

تیسری بات دین کی خاطر مالی قربانیوں کی طرف توجہ دینا ہے۔ میں نے صف دوم کے انصار کو نظامِ وصیت میں شامل ہونے کی طرف توجہ دلائی تھی۔ ہر مجلس کی سطح پر اس کے لیے کوشش ہونی چاہیے۔ اس نظام میں شامل ہونے والوں کے لیے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بھی دُعائیں کی ہیں۔ اسی طرح دوسری مالی تحریکات بھی ہیں۔ ان میں بھی حصہ لیں اور اس حوالے سے اپنا جائزہ لیں کہ کیا ہم انصاراللہ ہونے کا حق ادا کر رہے ہیں؟

انصاراللہ کا ایک اور اہم کام خلافت سے وابستگی اور اُس کے استحکام کے لیے کوشش کرنا ہے۔ جماعت اور خلافت ایک وجود کی طرح ہیں۔ افراد جماعت اس کے اعضاء ہیں تو خلیفۂ وقت دل و دماغ کے طور پر ہیں۔ کیا کبھی ایسا ممکن ہوا ہے کہ انسانی دماغ ہاتھ کو کوئی حکم دے اور ہاتھ اُسے ردّ کر کے اپنی مرضی کے مطابق حرکت کرے۔ اگر آپ اس تعلق کو سمجھ جائیں اور اگر یہ سوچ ہر ایک

فرائض کو سمجھیں تو جماعتی ترقی کے لیے خداتعالیٰ کے فضل سے یہ ایک نہایت ہی مفید اور خوش کن لائحہ عمل ہوگا۔اگر ایک طرف نظارتیں جو نظام کی قائم مقام ہیں عوام کو بیدار کرتی رہیں اور دوسری طرف خدام الاحمدیہ اور انصار اللہ اور لجنہ اماء اللہ جو عوام کے قائم مقام ہیں،نظام کو بیدار کرتے رہیں۔تو کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ کسی وقت جماعت کلّی طور پر گر جائے اور اس کا قدم ترقی کی طرف اٹھنے سے رک جائے۔جب بھی ایک غافل ہوگا دوسرا اسے جگانے کے لیے تیار ہوگا۔جب بھی ایک سُست ہوگا دوسرا اسے ہوشیار کرنے کے لیے آگے نکل آئے گا۔کیونکہ وہ دونوں ایک ایک حصہ کے نمائندے ہیں۔ایک نمائندہ ہیں نظام کے اور دوسرے نمائندہ ہیں عوام کے۔"

(الفضل 17 نومبر 1943ء)

حقیقی انصار اللہ بن جاؤ

حضرت مصلح موعودؓ نے فرمایا:"یاد رکھو تمہارا نام انصار اللہ ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے مددگار۔گویا تمہیں اللہ تعالیٰ کے نام کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ ازلی اور ابدی ہے۔اس لیے تم کو بھی کوشش کرنی چاہیے کہ ابدیت کے مظہر ہوجاؤ۔تم اپنے انصار ہونے کی علامت یعنی خلافت کو ہمیشہ ہمیش کے لیے قائم رکھتے چلے جاؤ اور کوشش کرو کہ یہ کام نسل در نسل چلا جاوےاوراس کے دو ذریعے ہوسکتے ہیں، ایک ذریعہ تو یہ ہے کہ اپنی اولاد کی صحیح تربیت کی جائے اور اس میں خلافت کی محبت قائم کی جائے۔اسی لیے مَیں نے اطفال الاحمدیہ کی تنظیم قائم کی تھی اور خدام الاحمدیہ کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔یہ اطفال اور خدام آپ لوگوں کے ہی بچے ہیں۔اگر اطفال الاحمدیہ کی تربیت صحیح ہوگی۔تو خدام الاحمدیہ کی تربیت صحیح ہوگی اور اگر خدام الاحمدیہ کی تربیت صحیح ہوگی تو اگلی نسل انصاراللہ کی اعلیٰ ہوگی۔مَیں نے سیڑھیاں بنادی ہیں۔آگے کام کرنا تمہارا کام ہے۔پہلی سیڑھی اطفال الاحمدیہ ہے۔ دوسری سیڑھی خدام الاحمدیہ ہے ۔ تیسری سیڑھی انصار اللہ ہے اور چوتھی سیڑھی خدا تعالیٰ ہے۔ تم اپنی اولاد کی صحیح تربیت کرو اور دوسری طرف خداتعالیٰ سے دعائیں مانگو تو یہ چاروں سیڑھیاں مکمل ہوجائیں گی۔اگر تمہارے اطفال اور خدام ٹھیک ہوجائیں اور پھر تم بھی دعائیں کرواور خداتعالیٰ سے تعلق پیدا کرلو۔تو پھر تمہارے لیے عرش سے نیچے کوئی جگہ نہیں اور جو عرش پر چلاجائے وہ بالکل محفوظ ہوجاتاہے۔دنیا حملہ کرنے کی کوشش کرے تو وہ زیادہ سے زیادہ سو دوسو فٹ پر حملہ کرسکتی ہے۔وہ عرش پر حملہ نہیں کرسکتی۔پس اگر تم اپنی اصلاح کرلوگے اور خداتعالیٰ سے دعائیں کروگے تو تمہارا اللہ تعالیٰ سے تعلق قائم ہوجائے گا اور اگر تم حقیقی انصار اللہ بن جاؤ اور خداتعالیٰ سے تعلق پیدا کرلو تو تمہارے اندر خلافت بھی دائمی طور پر رہے گی اور وہ عیسائیت کی خلافت سے بھی لمبی چلے گی۔

(الفضل 21 مارچ 1957ء اور 24 مارچ 1957ء)

انصار مدینہ جیسی محبت پیدا کریں

سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرماتے ہیں:

مسلمانوں کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہایت محبت تھی۔وہ برداشت نہیں کرسکتے تھے کہ دشمن آپؐ کی ذات پر حملہ آور ہو۔اس لیے وہ بے جگری سے حملہ کرتے اور کفار کا منہ توڑ دیتے۔ان کے اندر شیر کی سی طاقت پیدا ہوجاتی تھی اور وہ اپنی جان کی کوئی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ یہ سچی محبت تھی۔جو صحابہؓ کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے تھی۔آپ لوگ بھی ان جیسی محبت اپنے اندر پیدا کریں۔جب آپ نے انصار کا نام قبول کیاہے تواُن جیسی محبت بھی پیدا کریں۔آپ کے نام کی نسبت اللہ تعالیٰ سے ہے اور خداتعالیٰ ہمیشہ رہنے والا ہے۔اس لیے تمہیں بھی چاہیے کہ خلافت کے ساتھ ساتھ انصار کے نام کو ہمیشہ کے لیے قائم رکھو اور ہمیشہ دین کی خدمت میں لگے رہو۔کیونکہ اگر خلافت قائم رہے گی تو اِس کو انصار کی بھی ضرورت ہوگی۔خدام کی بھی ضرورت ہوگی اور اطفال کی بھی ضرورت ہوگی۔ورنہ اکیلا آدمی کوئی کام نہیں کرسکتا۔اکیلا نبی کوئی کام نہیں کرسکتا۔دیکھو حضرت مسیح علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے حواری دیے ہوئے تھے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اللہ تعالیٰ نے صحابہؓ کی جماعت دی۔اسی طرح اگر خلافت قائم رہے گی۔تو ضروری ہے کہ اطفال الاحمدیہ۔خدام الاحمدیہ اور انصار اللہ بھی قائم رہیں اور جب یہ ساری تنظیمیں قائم رہیں گی تو خلافت بھی خدا تعالیٰ کے فضل سے قائم رہے گی۔کیونکہ جب دنیا دیکھے گی کہ جماعت کے لاکھوں لاکھ آدمی خلافت کے لیے جان دینے پر تیار ہیں تو جیسا کہ میور کے قول کے مطابق جنگ احزاب کے موقع پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خیمہ پر حملہ کرنے کی وجہ سے حملہ آور بھاگ جانے پر مجبور ہوجاتے تھے۔اسی طرح دشمن ادھر کا رخ کرنے کی جرأت نہیں کرے گا۔وہ سمجھے گا کہ اس کے لیے لاکھوں اطفال،خدام اور انصار جانیں دینے کے لیے تیار ہیں۔اس لیے اگر اس نے حملہ کیا تو وہ تباہ وبرباد ہوجائے گا۔غرض دشمن کسی رنگ میں بھی آئے جماعت اس سے دھوکا نہیں کھائیگی۔"

(الفضل 21 مارچ 1957ء اور 24 مارچ 1957ء)

جماعت کی دماغی نمائندگی انصار اللہ کرتے ہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے 1955ء کے سالانہ اجتماع انصاراللہ مرکزیہ سے خطاب کرتے ہوئے انصاراللہ کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

"اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جماعت کی دماغی نمائندگی انصاراللہ کرتے ہیں اور اس کے دل اور ہاتھوں کی نمائندگی خدام الاحمدیہ کرتے ہیں۔ جب کسی قوم کے دماغ، دل اور ہاتھ ٹھیک ہوں تو وہ قوم بھی ٹھیک ہو جاتی ہے۔ پس میں پہلے تو انصار اللہ کو توجہ دلاتا ہوں کہ ان میں سے بہت سے وہ ہیں جو یا صحابی ہیں یا کسی صحابی کے بیٹے ہیں یا کسی صحابی کے شاگرد ہیں، اس لیے جماعت میں نمازوں، دعاؤں اور تعلق باللہ کو قائم رکھنا ان کا کام ہے۔ ان کو تہجد، ذکر الٰہی اور مساجد کی آبادی میں اتنا حصہ لینا چاہیے کہ نوجوان ان کو دیکھ کر خود ہی ان باتوں کی طرف مائل ہو جائیں۔ اصل میں تو جوانی کی عمر ہی وہ زمانہ ہے، جس میں تہجد، دعا اور ذکر الٰہی کی طاقت بھی ہوتی ہے اور مزہ بھی ہوتا ہے۔ لیکن عام طور پر جوانی کے زمانہ میں موت اور عاقبت کا خیال کم ہوتا ہے۔ اس وجہ سے نوجوان غافل ہو جاتے ہیں لیکن اگر نوجوانی میں کسی کو یہ توفیق مل جائے تو وہ بہت ہی مبارک وجود ہوتا ہے۔ پس ایک طرف تو میں انصار اللہ کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اپنے نمونہ سے اپنے بچوں، اپنے ہمسایہ کے بچوں اور اپنے دوستوں کے بچوں کو زندہ کریں اور دوسری طرف میں خدام الاحمدیہ کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اتنا اعلیٰ درجہ کا نمونہ قائم

مجلس انصاراللہ۔ اغراض و مقاصد اور ذمہ داریاں

(محمد محمود طاہر۔ ربوہ)

جماعت احمدیہ میں ذیلی تنظیموں کا قیام سیدنا حضرت مصلح موعودؓ کی خداداد ذہانت و فطانت اور علمی و انتظامی صلاحیتوں کا آئینہ دار ہے۔آپؓ نے افراد جماعت کے مرد و زن و بچوں کو اپنی عمر کے لحاظ سے ذیلی تنظیموں میں تقسیم کر کے ان کی روحانی ، اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور جسمانی ترقی کے سامان منظّم صورت میں پیدا فرما دیے۔

لجنہ اماء اللہ اور خدام الاحمدیہ کے قیام کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے26 جولائی 1940ء کو اپنے خطبہ جمعہ میں مجلس انصاراللہ کے قیام کا اعلان فرمایا اور حضرت مولانا شیر علی صاحبؓ کو اس کا پہلا صدر مقرر فرمایا۔ ابتدائی طور پر قادیان کے انصار کی تنظیم سازی کی گئی اور پھر اس کو پورے ہندوستان اور بیرون ممالک تک پھیلا دیا گیا۔

ابتدائی طور میں مسجد مبارک قادیان میں تنظیم کے اجلاسات ہوتے تھے جن کا ریکارڈ محترم شیخ عبدالرحیم صاحب شرما(سابق کشن لعل)رکھتے تھے۔ جنوری 1943ء سے مجلس انصاراللہ کا دفتر گیسٹ ہاؤس دارالانوار کے ایک کمرے میں قائم کر دیا گیا۔ تقسیم ملک کے بعد مجلس کا دفتر جودھامل بلڈنگ لاہور میں منتقل ہوا اور قیام ربوہ کے بعد یہ دفتر ربوہ میں قائم ہو گیا۔

مجلس انصار اللہ کے باقاعدہ دفاتر کا سنگ بنیاد حضرت مصلح موعودؓ نے 20فروری 1956ء کو ربوہ میں رکھا۔ان مرکزی دفاتر کی مختلف ادوار میں توسیع ہوتی رہی۔

مجلس انصار اللہ کا پہلا دستوراساسی 1943ء کو منظور ہوا۔ مجلس انصار اللہ مرکزیہ کا پہلا سالانہ اجتماع 25 دسمبر1944ء کو مسجد اقصیٰ قادیان میں ہوا۔ پاکستان میں پہلا سالانہ اجتماع نومبر 1955ء میں ہوا جس کا افتتاح حضرت مصلح موعودؓ نے فرمایا۔ سر زمین ربوہ میں آخری مرکزی اجتماع 28 تا 30 اکتوبر 1983ء کو مسجد اقصیٰ ربوہ میں ہواجس سے افتتاحی و اختتامی خطابات حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے فرمائے۔ 3 نومبر1989ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ذیلی تنظیموں کو ان کے ممالک تک محدود فرمایا ۔ اور اب دنیا بھر میں ہر انفرادی ذیلی تنظیم اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے اپنے ممبران کی تربیت و ترقی کے لیے کوشاں ہیں۔

مجلس انصار اللہ کے قیام کے اغراض و مقاصد اور ذمہ داریوں کے حوالہ سے اس مضمون میں بانی تنظیم حضرت مصلح موعودؓ اور خلیفۂ وقت حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس کے الفاظ میں یا ان کے قریب رہتے ہوئے مافی الضمیر ادا کرنے کی ایک کاوش کی گئی ہے۔

مجالس کے قیام کی غرض

حضرت مصلح موعودؓ ذیلی تنظیموں کے قیام کی غرض بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”ان مجالس کا قیام مَیں نے تربیت کی غرض سے کیا ہے۔چالیس سال سے کم عمر والوں کے لیے خدام الاحمدیہ اور چالیس سال سے اوپر عمر والوں کے لیے انصار اللہ اور عورتوں کے لیے لجنہ اماء اللہ ہے۔ان مجالس پر دراصل تربیتی ذمہ داری ہے۔یاد رکھو کہ اسلام کی بنیاد تقویٰ پر ہے۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام ایک شعر لکھ رہے تھے۔ایک مصرعہ آپ نے لکھا کہ

ع ہر اک نیکی کی جڑ یہ اتقا ہے

اسی وقت آپؑ کو دوسرا مصرعہ الہام ہوا جو یہ ہے کہ

ع اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے

اس الہام میں اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے کہ اگر جماعت تقویٰ پر قائم ہوجائے تو پھروہ خود ہر چیز کی حفاظت کرے گا۔نہ وہ دشمن سے ذلیل ہوگی،اور نہ اسے کوئی آسمانی یا زمینی بلائیں تباہ کرسکیں گی۔اگر کوئی قوم تقویٰ پر قائم ہوجائے تو کوئی طاقت اسے مٹا نہیں سکتی..... پس مجلس انصاراللہ،خدام الاحمدیہ اور لجنہ اماء اللہ کاکام یہ ہے کہ جماعت میں تقویٰ پیدا کرنے کی کوشش کریں اور اس کے لیے پہلی ضروری چیز ایمان بالغیب ہے۔ انہیں اللہ تعالیٰ،ملائکہ،قیامت، رسولوں اوران شاندار عظیم الشان نتائج پر جو آئندہ نکلنے والے ہیں، ایمان پیدا کرنا چاہیے۔انسان کے اندر بزدلی اور نفاق وغیرہ اسی وقت پیدا ہوتے ہیں جب دل میں ایمان بالغیب نہ ہو۔اس صورت میں انسان سمجھتا ہے کہ میرے پاس جو کچھ ہے یہ بھی اگر چلاگیا تو پھر کچھ نہ رہے گا اور اس لیے وہ قربانی کرنے سے ڈرتا ہے۔

(الفضل 26 اکتوبر 1960ء)

نوٹ:حضرت مصلح موعودؓ نے تقویٰ پیدا کرنے کے لیے ایمان بالغیب کے بعد اقامۃ الصلوٰۃ ، انفاق فی سبیل اللہ، ایمان بالقرآن، بزرگان دین کا احترام اور یقین بالآخرت کو ضروری قرار دیا۔

نظام جماعت کو بیدار رکھنے کے لیے ذیلی تنظیموں کا قیام

حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں ”مَیں نے جماعت میں خدام الاحمدیہ اورانصار اللہ دو الگ الگ جماعتیں قائم کیں۔کیونکہ مَیں سمجھتا ہوں،ایسا ہوسکتا ہے کہ کبھی حکومت کے افراد سُست ہوجائیں اور ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ کبھی عوام سُست ہوجائیں۔عوام کی غفلت اوران کی نیند کودور کرنے کے لیے جماعت میں ناظروغیرہ موجود تھے۔مگر چونکہ ایسا بھی ہوسکتا تھا کہ کبھی ناظر سُست ہوجائیں اور وہ اپنے فرائض کو کما حقہ ادا نہ کریں۔اس لیے ان کی بیداری کے لیے بھی کوئی نہ کوئی جماعتی نظام ہونا چاہیے تھا جو ان کی غفلت کو دور کرتا اور اس غفلت کا بدل جماعت کو مہیا کرنے والا ہوتا۔چنانچہ خدام الاحمدیہ، انصاراللہ اورلجنہ اماءاللہ اسی نظام کی کڑیاں ہیں اور ان کواسی لیے قائم کیا گیا ہے تاکہ وہ نظام کو بیدار رکھنے کا باعث ہوں۔مَیں سمجھتا ہوں اگر عوام اورحکام دونوں اپنے اپنے

صدر مجلس انصاراللہ کینیڈا کا ممبران انصاراللہ کے نام پیغام

میرے پیارے انصار بھائیو
السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ

مجلس انصاراللہ کینیڈا کے نئے سال کے آغاز پر میں آپ کی توجہ مجلس انصاراللہ کے عہد کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں جس میں ہم اسلام احمدیت کی مضبوطی اور اشاعت اور نظامِ خلافت کی حفاظت کا عہد کرتے ہیں۔

اسی طرح ہمیں حضورِانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے پیغام پر بھی توجہ کرنے کی ضرورت ہے جو آپ نے گزشتہ سال سالانہ اجتماع کے موقع پر ہمیں بھیجا تھا اور اس شمارے میں بھی شائع ہوا ہے۔ہمیں اپنی سستیوں کو دور کرکے اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو اس معاشرے کی ہر برائی سے بچانے کی ضرورت ہے ۔ نیز ہمیں خلیفہ وقت کی نصائح پر عمل کرتے ہوئے خلافت سے اپنا تعلق مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔

آئیے ہم سب مل کر اپنی اور اپنے اہل و عیال کی روحانی ترقی کیلئے کوشش کریں اور خدا تعالیٰ کی شکر گذاری کا حق ادا کرنے کیلئے خلافت کے استحکام کیلئے دعاؤں اور مجاہدات سے کام لیں۔

حضرت مصلح موعودؓ نے اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ مجلس انصاراللہ کے ہر رکن کو روزانہ کم از کم آدھ گھنٹہ جماعت کے کام میں گزارنا چاہیے۔ لہٰذا ہم سب کو اپنے زعیم صاحب انصاراللہ کو اپنی خدمات پیش کرنی چاہییں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی ذمہ داریاں احسن رنگ میں ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہم اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والے ہوں۔

آمین

اس مرض کا سخت حملہ ہوا۔اگرچہ شروع میں اموات کی شرح کم تھی۔ لیکن تھوڑے ہی دنوں میں بہت بڑھ گئی اور ہر طرف ایک تہلکہ عظیم برپا ہوگیا۔ ان ایام میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی ہدایت کے ماتحت جماعت احمدیہ نے شاندار خدمات انجام دیں۔ اور مذہب و ملت کی تمیز کے بغیر ہر قوم اور ہر طبقہ کے لوگوں کی تیمارداری اور علاج معالجہ میں نمایاں حصہ لیا۔

احمدی ڈاکٹروں اور احمدی طبیبوں نے اپنی آئیزری خدمات پیش کر کے نہ صرف قادیان میں مخلوق خدا کی خدمت کا حق ادا کیا بلکہ شہر بہ شہر اور گاؤں بہ گاؤں پھر کر طبّی امداد بہم پہنچائی۔اور عام رضا کاروں نے نرسنگ وغیرہ کی خدمت انجام دی اور غرباء کی امداد کے لیے جماعت کی طرف سے روپیہ اور خورو نوش کا سامان بھی تقسیم کیا گیا...ان ایام میں احمدی والنٹیر (جن میں حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب بھی شامل تھے)صعوبتیں اور تکلیفیں برداشت کر کے دن رات مریضوں کی خدمت میں مصروف تھے اور بعض صورتوں میں جب کام کرنے والے خود بھی بیمار ہوگئے اور نئے کام کرنے والے میسر نہیں آئے بیمار رضا کار ہی دوسرے بیماروں کی خدمت انجام دیتے رہے اور جب تک یہ رضا کار بالکل نڈھال ہو کر صاحب فراش نہ ہوگئے۔انہوں نے اپنے آرام اور اپنے علاج پر دوسروں کے آرام اور دوسروں کے علاج کو مقدم کیا۔

یہ ایسا کام تھا کہ دوست دشمن سب نے جماعت احمدیہ کی بے لوث خدمت کا اقرار کیا۔اور تقریرو تحریر دونوں میں تسلیم کیا کہ اس موقع پر جماعت احمدیہ نے بڑی تندہی و جانفشانی سے کام کرکے بہت اچھا نمونہ قائم کردیا ہے۔
(از تاریخ احمدیت، جلد چہارم، صفحہ 208-209)

اس کے بعد حضور نے فرمایا:

”یہ وبائیں تو آنی ہیں۔ اب ہر وبا کو نشان قرار دے دینا اور یہ قیاس آرائی شروع کردینا کہ احمدیوں کو کچھ نہیں ہوگا، یا یہ جو بعض لوگ کہہ رہے ہیں کہ مخلص احمدیوں کو کچھ نہیں ہوگا، بالکل غلط بات ہے۔ ان وباؤں کو کسی کے ایمان کا پیمانہ نہیں بنایا جاسکتا۔ اور جو وصیت حضرت مصلح موعودؓ نے تحریر فرمائی اس کا آغاز یوں فرمایا کہ ”مَیں، مرزا بشیرالدین محمود احمدولد حضرت مسیح موعود علیہ السلام...“

تو حضرت مصلح موعودؓ وصیت تحریر کررہے ہیں اور ولدیت بھی تحریر کررہے ہیں یعنی مسیح موعود علیہ السلام کے بیٹے بھی ہیں۔ اس کے باوجود بیماری کا حملہ ہوا اور بڑا شدید ہوا۔ تو بیماری کا حملہ ہو جانا کسی بھی طرح کسی کے ایمان کا پیمانہ نہیں۔“

اس کے بعد پھر کچھ توقف تھا۔ مگر محسوس ہوتا تھا کہ حضور ابھی اس بات کو جاری رکھیں گے۔ ایک ثانیہ کے وقفے کے بعد حضور نے فرمایا:

”یہ حوالہ نکال کرالحکم میں چھاپ دو تا کہ سب پڑھ لیں اور سب کی غلط فہمیاں دور ہوجائیں۔ اگر یہ نشان ہوتا تو سب سے پہلے میں اعلان کرتا کہ یہ ایک نشان ہے۔ میں نے تو بہت شروع سے احتیاطی تدابیر اور حفاظتی دوائیاں بتانا شروع کر دی تھیں۔ اُس وقت سے بتانا شروع کر دی تھیں جب ابھی اس بیماری نے چین سے باہر زور بھی نہیں پکڑا تھا۔ اگر میں اسے کسی قسم کا نشان سمجھتا تو احتیاطی تدبیر سے روکتا۔

مَیں نے تو پہلے بھی کہا ہے اور اب بھی یہی کہہ رہا ہوں کہ جو ماہرین کی طرف سے حکومتی سطح پر احتیاطی تدابیر بتائی جارہی ہیں، لوگ ان پر عمل کریں۔

مَیں نے یہاں امیر صاحب کو بھی کہہ دیا ہے۔ صدر خدام الاحمدیہ کو بھی کہہ دیا ہے۔ ہیومینٹی فرسٹ کو بھی کہہ دیا ہے کہ ان دنوں میں لوگوں کی امداد اور فلاح و بہبود کے لیے جو ممکن ہو سکتا ہے کریں۔ تاریخ احمدیت سے یہ حوالہ چھاپ دو گے تو باقی ملکوں میں بھی پتہ چل جائے گا اور وہاں کے امرا اور صدران وغیرہ بھی اس کے مطابق امدادی کاموں کا منصوبہ بنا لیں گے۔“

اس گفتگو کا اختتام ان الفاظ پر ہوا:
”احمدیوں کو چاہیے کہ اس وقت بجائے نشان تلاش کرنے کے اپنے لیے اور اپنے گھر والوں کے لیے اور مسجدوں میں جواحتیاطی تدابیر بتائی گئی ہیں، ان پر عمل کریں۔ اور اپنے ارد گرد اگر ان احتیاطوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے جس کسی کی مدد کرسکتے ہیں کریں۔ اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ اس کی مخلوق کا خیال کیا جائے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اپنے لیے اور انسانیت کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور جھکیں اور اس کا رحم مانگیں۔“

(بشکریہ الحکم لندن)
(آصف محمود باسط۔ انچارج AARC)

حضرت محمد مصطفی ﷺ کا امتیاز

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسو ل اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے پانچ ایسی باتیں عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی اور نبی کو عطا نہیں ہوئیں ۔ اول مجھے ایک مہینے کی مسافت کے اندازے کے مطابق خدا داد رعب عطا کیا گیا ہے۔ دوسرے میرے لیے ساری زمین مسجد اور طہارت کا ذریعہ بنا دی گئی ہے۔ تیسرے میرے لیے جنگوں میں حاصل شدہ مال غنیمت جائز قرار دیا گیا ہے، حالانکہ مجھ سے پہلے وہ کسی کے لیے جائز نہیں تھا۔ چوتھے مجھے خدا کے حضور شفاعت کا مقام عطا کیا گیا ہے۔ اور پانچویں مجھ سے پہلے ہر نبی صرف اپنی خاص قوم کی طرف مبعوث ہوتا تھا لیکن میں ساری دنیا اور سب قوموں کے لئے مبعوث کیا گیا ہوں۔
(بخاری کتاب الصلوۃ حدیث نمبر 438)

کورونا وائرس کے حوالے سے حضورِ انور کے تازہ ارشادات

(آصف محمود باسط۔ انچارج AARC)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے20 مارچ 2020ء کو جو خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا، اس کے آخر میں کورونا وائرس کے حوالہ سے ہدایات ارشاد فرمائیں۔

آج صبح (مورخہ 21 مارچ 2020ء)خاکسار ملاقات کے لیے حاضر ہوا تو حضورانور نے اس حوالہ سے دنیا کی صورتِ حال، ماہرین کے تبصرے اور عوام الناس کے احساسات کے حوالہ سے نہایت بصیرت افروز گفتگو فرمائی۔

احمدیوں کے تبصروں کا ذکر تھا۔ فرمایا:

”بعض احمدیوں نے اس بیماری کو طاعون قرار دیا ہے، بعض کہتے ہیں کہ یہ بھی طاعون کی طرح ایک نشان ہے۔ جب کہ ایسا نہیں ہے۔ جس زمانہ میں طاعون کی وبا پھوٹی، اس سے قبل اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو اس کی خبر دی۔
یوں وہ طاعون کی وبا ایک نشان بن گئی۔ پھر اسی وبا کے پھوٹنے سے قبل اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعودعلیہ السلام کو یہ خبر بھی دی کہ حضور علیہ السلام پر ایمان لانے والے محفوظ رکھے جائیں گے۔ یوں بھی وہ طاعون کی وبا ایک نشان بن گئی۔

گواُس وقت بھی حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی ایک آدھ آدمی قادیان میں بھی بیمار پڑ جائے۔کچھ اس سے بیمار ہوئے بھی، مگر طاعون کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے خود خبر دی تھی کہ کس وقت پھیلے گی اور کیسے پھیلے گی، اس لیے اس کا پھیلنا تو ایک نشان تھا۔ اس کے باوجود حضرت مسیح موعود علیہ السلام اس وقت عمومی طور پر دنیا کے اس عذاب سے بچنے کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے تھے اور اس کی رحمت کے طلب گار تھے۔

”کورونا وائرس کے لیے نہ تو کوئی ایسی خبر ہے، نہ کہیں میں نے یہ تاثر دیا ہے کہ یہ کوئی نشان ہے جو ظاہر ہو گیا۔“

اس کے بعد کچھ دیر کا توقف تھا۔ خاکسار اگلی بات عرض کرنے ہی والا تھا کہ حضور نے فرمایا:

”اب دیکھو یہ 1918ء یا 1919ء میں جو انفلوئنزا پھیلا تھا، وہ قادیان تک بھی پہنچا۔ بے شمار لوگ جاں بحق ہوئے۔ احتیاطی تدابیر جو حضرت مصلح موعودؓ نے فرمائیں وہ بھی ملتی ہیں، جس طرح دارچینی والے پانی کا استعمال وغیرہ۔ بلکہ خود حضرت مصلح موعودؓ کو انفلوئنزا کا حملہ ہوا۔ بلکہ بہت شدید ہوا تھا۔“

اس کے بعد حضور انور اپنے پاس رکھے کتابوں کے شیلف تک تشریف لے گئے اور تاریخ احمدیت کی چوتھی جلد نکالی۔ ایک لمحے ہی میں حضور کو مطلوبہ مقام مل گیا۔ فرمایا:

”حضرت مصلح موعودؓ نے تو وصیت تک تحریر فرمادی تھی کہ اگر فلو کے اُس حملہ میں کچھ ہو جاتا تو کیا کرنا ہے۔“

اس کے بعد حضور نے اس دور کے حوالہ سے وہ تین صفحات پڑھ کر سنائے۔ ان کا متن ذیل میں درج کیا جاتا ہے:

”انفلوئنزا کی عالمگیر وبا میں جماعت کی بے لوث خدمت:

1918ء میں جنگ عظیم کا ایک نتیجہ انفلوئنزا کی صورت میں ظاہر ہوا۔ اس وبا نے گویا ساری دنیا میں اس تباہی سے زیادہ تباہی پھیلا دی جو میدان جنگ میں پھیلائی تھی۔ ہندوستان پر بھی

سرائے خام

(کلام مبارک حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ۔ درِ ثمین)



دنیا کی حرص و آز میں کیا کچھ نہ کرتے ہیں
نقصاں جو ایک پیسہ کا دیکھیں تو مرتے ہیں

زر سے پیار کرتے ہیں اور دل لگاتے ہیں
ہوتے ہیں زر کے ایسے کہ بس مر ہی جاتے ہیں

جب اپنے دلبروں کو نہ جلدی سے پاتے ہیں
کیا کیا نہ ان کے ہجر میں آنسو بہاتے ہیں

پر ان کو اس سجن کی طرف کچھ نظر نہیں
آنکھیں نہیں ہیں کان نہیں دل میں ڈر نہیں

ان کے طریق و دھرم میں گو لاکھ ہو فساد
کیسا ہی ہو عیاں کہ وہ ہے جھوٹ اعتقاد

پر تب بھی مانتے ہیں اسی کو بہر سبب
کیا حال کردیا ہے تعصب نے ہے غضب

دل میں مگر یہی ہے کہ مرنا نہیں کبھی
ترک اس عیال و قوم کو کرنا نہیں کبھی

اے غافلاں وفا نہ کند ایں سرائے خام
دنیائے دوں نماند و نماند بکس مدام

(سرمہ چشم آریہ صفحہ 89 مطبوعہ 1886ء)

مجلس انصاراللہ کینیڈا کے لئے حضورایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام

پیارے ممبران مجلس انصاراللہ کینیڈا, السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ کہ آپ کو امسال بھی اپنا سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے بہت بابرکت فرمائے اور تمام انصار کو اس بابرکت موقعہ سے بھرپوراستفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔یہ دور سائنسی ترقی کادورہے۔نئی ایجادات نے لوگوں کی مصروفیات اور رجحانات کو یکسر بدل دیاہے اور مختلف برائیوں کو جنم دیا ہے جن میں سے بعض ٹی وی، انٹرنیٹ وغیرہ کی ہیں۔ اکثر گھروں کاجائزہ لیں ،بڑے سے لے کر چھوٹے تک صبح تک فجر کی نماز اس لئے وقت پر نہیں پڑھتے کہ رات دیر تک یاتوٹی وی دیکھتے رہے یا انٹرنیٹ پر بیٹھے رہے، اپنٹ پروگرام دیکھتے رہے ، نتیجۃً صبح آنکھ نہیں کھلی۔ پھر ایپلی کیشنز ہیں، فون وغیرہ کے ذریعہ سے یا آئی پیڈ کے ذریعہ شیطان انسان کوان میں مبتلا کرتا چلاجاتا ہے۔ ایک احمدی گھرانے کوان تمام برائیوں سے بچنے کی کوشش کرنی چاہیے۔بہت زیادہ بڑھ کر اپنی حالتوں پر نظر رکھنی چاہیے۔ماں باپ کا فرض ہے کہ بچوں کو مسجدوں سے جوڑیں۔ ذیلی تنظیموں کے پروگرام میں شامل کریں۔ ذیلی تنظیموں کی بھی یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ اپنے ممبران کوجماعت کے ساتھ مضبوطی سے جوڑدیں۔احمدیت کی تعلیمات سے اپنے اعمال کو مزین کریں اور شیطان کے حملوں سے خود بھی بچیں اور اپنے اہل و اعیال کو بھی بچا کر رکھیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو آگ سے بچاؤ (سورۃ التحریم ۔ آیت ۷)

پس ہم نے جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کوماناہے تو اس وجہ سے کہ اس زمانے میں مسیح موعود کے ذریعہ شیطان کے ساتھ آخری جنگ ہے۔ یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ کی مدد اور اس کے آگے جھکنے کے بغیر شیطان کے حملے سے بچنا ممکن نہیں ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کی مدد تلاش کرو۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام ہمیں نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

”عزیزو! خدائے تعالیٰ کے حکموں کو بے قدری سے نہ دیکھو۔موجودہ فلسفہ کی زہر تم پراثرنہ کرے۔ایک بچے کی طرح بن کر اس کے حکموں کے نیچے چلو۔نماز پڑھو، نماز پڑھو کہ وہ تمام سعادتوں کی کنجی ہے۔ اور جب تو نماز کے لئے کھڑا ہوتو ایسا نہ کر کہ گویا رسم ادا کر رہا ہے بلکہ نماز سے پہلے جیسے ظاہر وضو کرتے ہو ایسا ہی باطنی وضو بھی کرو۔ اور اپنے اعضاء کو غیر اللہ کے خیال سے دھو ڈالو۔تب تم دونوں وضوؤں کے ساتھ کھڑے ہوجاؤاور نماز میں بہت دعا کرو اورروناور گڑگڑانا اپنی عادت کرلو تاتم پر رحم کیا جائے۔سچائی اختیار کرو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔“ (ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۵۴۹)

پس اللہ تعالیٰ کے تمام حکموں کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں اور نیکی اورروحانیت میں ترقی کے لئے ہردم کوشاں رہیں۔ دیکھیں اللہ تعالیٰ کا ہم پر کس قدر احسان ہے کہ جہاں معاشرہ شیطانی محرکات سے بھرا پڑا ہے وہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کی پیاری جماعت کوایم-ٹی-اے کاایسا بابرکت ذریعہ عطا فرمایا ہے جو شیطان کے حملوں سے بھی بچاتا ہے اورروحانی ترقی کے سامان بھی پیدا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایم-ٹی-اے کو خلافت سے جماعت کا تعلق جوڑنے کا ذریعہ بنایاہے۔اگرگھروں میں آپ لوگ اس طرف توجہ نہیں دیں گے تو آہستہ آہستہ آپ کی اولادیں پیچھے ہٹنا شروع ہوجائیں گی۔پس اس سے پہلے کہ پچھتاوا شروع ہوجائے ، اپنے آپ کو خلافت سے جوڑیں۔کم ازکم اس کے ذریعہ خطبات تو ضرور سنا کریں۔ہماری جماعت میں اجتماع اور جلسے روحانی اور دینی تربیت کے لئے منعقد کئے جاتے ہیں ۔ نمازباجماعت، درسوں اور تقاریر کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس بابرکت موقعہ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ عملی اصلاح اور اہل و اعیال کی تربیت پر خاص توجہ دیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”خداتعالیٰ چاہتا ہے کہ عملی راستی دکھاؤتاوہ تمہارے ساتھ ہو۔ رحم، اخلاق، احسان،اعمال حسنہ، ہمدردی اور فروتنی میں اگر کمی رکھو گے تو مجھے معلوم ہے اور بار بار میں بتلا چکا ہوں کہ سب سے اول ایسی ہی جماعت ہلاک ہوگی۔موسیٰ علیہ السلام کے وقت جب اس کی امت نے خدا تعالیٰ کے حکموں کی قدر نہ کی تو باوجودیہ کہ موسیٰ ان میں موجود تھا مگر پھر بھی بجلی سے ہلاک کئے گئے۔“ (ملفوظات جلد ۴، صفحہ ۱۱۲)

آجکل میں خطبات میں صحابہ کی سیرت بیان کررہا ہوں اسی لئے کہ ہمارے سامنے وہ نمونے آجائیں جن کے بارے میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ میرے اصحاب جوہیں یہ ستاروں کی مانند ہیں جس کے پیچھے بھی چلوگے تو وہ تمہیں صحیح رستے کی طرف لے جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم بیعت کا حق ادا کرتے ہوئے اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے والے بنیں تاکہ اللہ تعالیٰ کے ان فضلوں کے وارث بنیں جن کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے کیا ہے۔ آمین۔

والسلام

خاکسار

مرزا مسرور احمد

ہستی باری تعالیٰ

(کلام شیریں حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

”ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے، ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ یہ دولت لینے کے لائق ہے اگرچہ جان دینے سے ملے۔ اور یہ لعل خریدنے کے لائق ہے اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔

اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو کہ وہ تمہیں سیراب کرے گا۔ یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائے گا۔ مَیں کیا کروں اور کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھا دوں۔

کس دف سے مَیں بازاروں میں مُنادی کروں کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں۔ اور کس دوا سے مَیں علاج کروں تا سننے کے لئے لوگوں کے کان کھلیں“

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 21-22)

قرآن مجید



وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

”اور چاہئے کہ تم میں سے ایک جماعت ہو۔ وہ بھلائی کی طرف بلاتے رہیں اور اچھی باتوں کی تعلیم دیں اور بری باتوں سے روکیں۔ اور یہی ہیں وہ جو کامیاب ہونے والے ہیں۔“

(سورۃ آل عِمرَان ۔ آیت 105)

حدیثِ نبوی ﷺ

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ عَادَ مَرِيضًا نَادَى مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّأْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلاً۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:جو شخص بھی کسی بیمار شخص کی عیادت کرتا ہے، تو آسمان سے (خدا کے حکم سے) منادی ہوتی ہے کہ :’اے (عیادت کرنے والے) توخوش رہے ، تیرا (اس مقصد کے لئے) چل کے آنے کا عمل تمہارے لئے باعث رحمت ہو،اور(اس عمل کے انعام کے طور پر) تمہیں جنت میں پروقار مقام حاصل ہو۔‘(ابن ماجہ ، کتاب الجنائز، حدیث 1443)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحنُ انصاراللہ

مجلس انصاراللہ کینیڈا

مجلس انصاراللہ کینیڈا کا تعلیمی، تربیتی اور دینی مجلّہ

جنوری تا اپریل ۲۰۲۰ء - جمادی الاول تا رمضان المبارک ۱۴۴۱ء ، جلد ۲۱ ، شمارہ نمبر ۱

فہرست مضامین

قرآن مجید 4

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم 4

ارشاد حضرت مسیح موعود علیہ السلام 5

مجلس انصاراللہ کینیڈا کے لئے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام 6

"سرائے خام۔۔۔" کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام 7

کورونا وائرس کے حوالے سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے تازہ ارشادات 8

صدر مجلس انصاراللہ کینیڈا کا ممبران انصاراللہ کے نام پیغام 10

مجلس انصاراللہ۔ اغراض و مقاصد اور ذمہ داریاں 11

نصاب برائے تعلیمی مقابلہ جات ، سالانہ اجتماع مجلس انصاراللہ کینیڈا ۲۰۲۰ء 16

نصاب برائے سہ ماہی تعلیمی امتحانات، مجلس انصاراللہ کینیڈا ۲۰۲۰ء 19

عربی ترجمہ پیغام خلیفۃ المسیح 21

نگران : کاشف بن ارشد۔ قائد اشاعت

ایڈیٹر اور کمپوزنگ : عبدالعلیم

ناشر : مجلس انصاراللہ کینیڈا

100 Ahmadiyya Avenue,
Maple,ON, L6A 3A4

فون : 905-417-1800 ، فیکس : 905-417-1006

ویب سائٹ : https://www.ansar.ca/nahnu-ansarullah

ای میل : nahnu.ansarullahcanada@gmail.com

بین الاقوامی اشاعت حوالہ نمبر:
ISSN 2560-886X (Print)
ISSN 2560-8878 (Online)

اخلاق ہی ساری ترقیات کا زینہ ہے

(ارشاد فرمودہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام)



”حدیث صحیح میں آیا ہے کہ قیامت کے روز خدا تعالیٰ کہے گا کہ میں بھوکا تھا تم نے مجھے کھانا نہ کھلایا۔میں پیاسا تھا اور تونے مجھے پانی نہ دیا۔میں بیمار تھا۔تم نے میری عیادت نہ کی۔جن لوگوں سے یہ سوال ہوگا وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب تو کب بھوکا تھاجو ہم نے کھانا نہ دیا۔تو کب پیاسا تھا جو پانی نہ دیا اور تو کب بیمار تھا جو تیری عیادت نہ کی۔پھر خدا تعالیٰ فرمائے گا کہ میرا فلاں بندہ جو ہے وہ ان باتوں کا محتاج تھا مگر تم نے اس کی کوئی ہمدردی نہ کی۔اس کی ہمدردی میری ہی ہمدردی تھی۔

ایسا ہی ایک اور جماعت کو کہے گا کہ شاباش! تم نے میری ہمدردی کی۔ میں بھوکا تھا۔تم نے مجھے کھانا کھلایا۔میں پیاسا تھا تم نے مجھے پانی پلایا وغیرہ۔ وہ جماعت عرض کرے گی کہ اے ہمارے خدا ہم نے کب تیرے ساتھ ایسا کیا؟ تب اللہ تعالیٰ جواب دیگا کہ میرے فلاں بندہ کے ساتھ جو تم نے ہمدردی کی وہ میری ہی ہمدردی تھی۔

دراصل خدا تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردی کرنا بہت ہی بڑی بات ہے اور خدا تعالیٰ اس کو بہت پسند کرتا ہے۔اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا کہ وہ اس سے اپنی ہمدردی ظاہر کرتا ہے۔عام طور پر دنیا میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے کہ اگر کسی شخص کا خادم کسی اس کے دوست کے پاس جاوے اور وہ شخص اس کی خبر بھی نہ لے تو کیا وہ آقا جس کا کہ وہ خادم ہے اس اپنے دوست سے خوش ہوگا؟ کبھی نہیں؛ حالانکہ اس کو تو کوئی تکلیف اس نے نہیں دی، مگر نہیں۔اس نوکر کی خدمت اور اس کے ساتھ حسن سلوک گویا مالک کے ساتھ حسن سلوک ہے۔خدا تعالیٰ کو بھی اس طرح پر اس بات کی چڑ ہے کہ کوئی اس کی مخلوق سے سرد مہری برتے۔کیونکہ اس کو اپنی مخلوق بہت پیاری ہے۔پس جو شخص خدا تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردی کرتا ہے وہ گویا اپنے خدا کو راضی کرتا ہے۔

غرض اخلاق ہی ساری ترقیات کا زینہ ہے۔میری دانست میں یہی پہلو حقوق العباد کا ہے جو حقوق اللہ کے پہلو کو تقویت دیتا ہے۔ جو شخص نوع انسان کے ساتھ اخلاق سے پیش آتا ہے۔خدا تعالیٰ اس کے ایمان کو ضائع نہیں کرتا۔“

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ۔ ۲۱۵ تا ۲۱۶ ، ۲۹/دسمبر ۱۹۰۴ء)

نحنُ انصاراللہ

جنوری تا اپریل ۲۰۲۰ء – جمادی الاول تا رمضان المبارک ۱۴۴۱ء ، جلد ۲۱ ، شمارہ نمبر ۱

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعۡنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیۡ لِلۡاِیۡمَانِ اَنۡ اٰمِنُوۡا بِرَبِّکُمۡ فَاٰمَنَّا ٭ۖ رَبَّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَکَفِّرۡ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الۡاَبۡرَارِ ﴿۱۹۴﴾

اے ہمارے ربّ! یقیناً ہم نے ایک منادی کرنے والے کو سُنا جو ایمان کی منادی کر رہا تھا کہ اپنے ربّ پر ایمان لے آؤ۔ پس ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے ربّ! پس ہمارے گناہ بخش دے اور ہم سے ہماری برائیاں دور کردے اور ہمیں نیکوں کے ساتھ موت دے۔ (سورۃ آلِ عمران۔ آیت 194)

مجلس انصاراللہ ، کینیڈا